تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 6, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں انٹرفیکلٹی ٹورنامنٹ دوہزار چوبیس۔پچیس کے تقسیم انعامات کی تقریب منعقد ہوئی

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 'انٹرفیکلٹی ٹورنامنٹ دوہزار چوبیس۔پچیس' کی اختتامی اور تقسیم انعامات کی تقریب مورخہ چار فروری دوہزار پچیس کو یونیورسٹی کے نواب منصور علی خان پٹودی اسپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئی۔انٹرفیکلٹی ٹورنامنٹ کا انعقاد نواب منصور علی خان پٹودی اسپورٹس کمپلیکس میں تئیس جنوری دوہزار پچیس سے چار فروری دوہزار پچیس تک ہوا تھا۔پروفیسر نفیس احمد اعزازی ڈائریکٹر (کھیل کود اور اسپورٹس) جامعہ ملیہ اسلامیہ کی قیادت میں مختلف کھیلوں جیسے ٹیبل ٹینس (مردوں اور عورتوں کا) بیڈمنٹن (مردوں اور عورتوں کا) کرکٹ ٹی ٹوئینٹی (مردوں کا) فٹ بال (مردوں کا) والی بال (مردوں کا) باسکٹ بال (مردوں اور عورتوں کا) اور ایتھلیٹکس (مردوں اور عورتوں کا) میں یہ ٹورنامنٹ منعقد ہوا تھا۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کی صدارت کی اور جناب روہن جیٹلی، صدر دہلی کرکٹ ایسو سی ایشن بحیثیت مہمان خصوصی شریک ہوئے جب کہ جناب اونکار ناتھ یادو، آئی آر آر ایس، ڈائریکٹر اسپورٹس اتھارٹی انڈیا، اسپیشل گیسٹ کے طور پر پروگرام میں شرکت کی۔اس موقع پر جناب اشوک کمار، سکریٹری، دہلی ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن، جناب مختار ڈی سی ڈپٹی سی ایس او، سکریٹریٹ سیکوریٹی آرگنائزیشن، ایم ایچ اے، حکومت ہند، اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی موجود تھے۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، جناب روہن جیٹلی، صدر دہلی کرکٹ ایسوسی ایشن، جناب اونکار ناتھ یادو ،آئی آر آر ایس، ڈائریکٹر اسپورٹس اتھارٹی انڈیا، پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور دیگر مہمانوں اور معزز شخصیتوں نے شرکا کو مبارک باد دی اور تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصہ لینے کے لیے انھیں تحریک دی اور ساتھ میں ان کی حوصلہ افزائی بھی کی۔پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر، گیمز اینڈ اسپورٹس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سامعین اور مہمانان کو ٹورنامنٹ کے متعلق بتایا۔

ٹورنامنٹ میں اے جے کے۔ایم سی آر سی اور یونیورسٹی پولی ٹکنک سمیت کل تیرہ ٹیموں نے سات مختلف کھیلوں میں حصہ لیا تھا۔ٹیم ورک کے جذبے کو فروغ اور کھیل کود کے جذبے کو پروان چڑھانے کے ساتھ اشتراک کی ہمت افزائی، تعلقات سازی

اور طلبہ، اساتذہ اور غیر تدریسی عملے کے درمیان کمیونی کیشن کو بہتر کرنے کی غرض سے ٹورنامنٹ منعقد کیا گیا تھا۔ منتظمین نے بتایا کہ اس طرح کے ٹورنامنٹ سے طلبہ میں خود اعتمادی بڑھتی ہے اور تناؤ کم ہوتا ہے اور ویلنیس ہارمون کے اجرا سے ان کی ذہنی و جسمانی صحت بھی بہتر ہوتی ہے جس سے وہ اپنی صحت مند پیشہ ورانہ زندگی کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔

اخیر میں پروفیسر محمد عابد، اعزازی ڈپٹی ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تمام مہمانوں، مندوبین، فیکلٹی اراکین اور جامعہ کے اسٹاف کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی